© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ **ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان مرحوم:** حیدر آباد سندھ کے معروف عالم اور روحانی شخصیت ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ۲۵؍اکتوبر ۲۰۰۵ءکوانتقال کر گئے ۔مرحوم ۹۸ علمی ،ادبی اور دینی کتب کے مصنف تھے ۔ان کی تصانیف میں علی نقوش، مولانا عبیداللہ سندھی کی تفسیر ،اردواور سندھی ،اردو لغت ،فارسی پر اردو کا اثر اور دیگر کتابیں شامل ہیں ۔

☆ مجلس احرار اسلام پنجاب کے سابق جنرل سیکرٹری اور بزرگ کارکن حکیم محمد ذوالقرنین مرحوم (لاہور)

☆ والد ماجد رحمہ اللہ' مولانا محمد اشرف صاحب مہتمم جامعہ اشرفیہ مانکوٹ ضلع خانیوال

☆ شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل رحمہ اللہ (والد ماجد مولانا زبیر احمد فہیم بصیر پور ضلع اوکاڑہ)

☆ مولانا خدا بخش شجاع آبادی رحمہ اللہ (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت)

☆ والدہ مرحومہ' قاری خدا بخش صاحب ملتان

☆ شیخ محمد اقبال مرحوم' ملتان (ہمارے قدیمی مہربان اور شیخ محمد جاوید، شیخ ظفر اقبال اور شیخ محمد عمران کے والد ماجد (۱۵؍رمضان ۱۴۲۶ھ ۔۲۰؍اکتوبر ۲۰۰۵ء ۔جمعرات)

☆ ہمشیر مرحومہ وسیم احمد صاحب (احرار کارکن جالندھر' فیصل آباد) والدہ حافظ محمد عادل (رجانہ)

☆ اہلیہ مرحومہ' چودھری محمد عنایت (چوکیدار مدرسہ معمورہ ملتان ۔۱۷؍رمضان ۱۴۲۶ھ ۔۲۲؍اکتوبر ۲۰۰۵ء)

☆ والدہ مرحومہ' ریحان صدیقی صاحب کراچی

☆ لندن میں ہمارے مہربان مولانا قاری محمد عمران خان جہانگیری کی ہمشیر مرحومہ' انتقال آزاد کشمیر

☆ برطانیہ کے شہر ہڈرسفیلڈ میں مقیم چیچہ وطنی سے تعلق رکھنے والے چودھری محمد اکرام کی والدہ مرحومہ

☆ چیچہ وطنی میں روزنامہ ''خبریں'' سے منسلک صحافی میاں محمد شریف مرحوم

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ رحمت ومغفرت کے مہینہ رمضان المبارک میں تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں ۔اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں ۔اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت اور درجات بلند فرمائے ۔(آمین)

## دعائے صحت

ہمارے نہایت کرم فرما اور مہربان مدرسہ معمورہ دار بنی ہاشم ملتان کے ہمسائے جناب پروفیسر محمود الحسن قریشی شدید علیل ہیں ۔احباب اُن کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام فرمائیں ۔(ادارہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# زکوٰۃ کا حساب لگانے کا آسان طریقہ

نصاب: 52.5 (ساڑھے باون) تولہ یا 612.36 گرام چاندی یا اس کی مالیت ............ ________

زکوٰۃ واجب ہونے کی قمری تاریخ ............ ________

اس تاریخ کو ملکیت میں موجود مندرجہ ذیل اشیاء میں تمام قابل زکوٰۃ اثاثوں کی مارکیٹ ریٹ کے مطابق موجودہ مالیت بالترتیب تحریر کریں:

1 سونا: خواہ کسی بھی شکل میں ہو اور کسی بھی مقصد کے لیے ہو ............ ________

2 چاندی: خواہ کسی بھی شکل میں ہو اور کسی بھی مقصد کے لیے ہو ............ ________

3 نقد رقم:

(الف) ہاتھ میں، بینک بیلنس، کسی کے پاس امانت ............ ________

(ب) غیر ملکی کرنسی اور پرائز بانڈز ............ ________

(ج) مستقبل کے کسی بھی مقصد مثلاً حج وغیرہ کے لیے جمع شدہ رقم ............ ________

(د) انشورنس پالیسی میں اپنی اصل جمع شدہ رقم ............ ________

(ہ) قرض دی ہوئی رقم جبکہ قرض لینے والا اس کا اقرار کرے، کسی بھی مقصد کے لیے ایڈوانس دی ہوئی رقم جس کا اصل یا بدل واپس ملے گا۔ بی سی (کمیٹی) میں جمع شدہ رقم، مکان یا چیز تیار ہونے سے قبل اس کی بکنگ میں دی ہوئی رقم ________

(و) سرمایہ کاری مضارب یا شراکت داری میں لگی ہوئی رقم، ہر قسم کے بچت سرٹیفکیٹس وغیرہ، پراوڈنٹ فنڈ کی وہ رقم جو اپنے اختیار سے کسی محکمے میں منتقل کروادی ہے ............ ________

4 فروخت کرنے کے لیے خریدا گیا سامان، جائیداد، حصص، خام مال ________

(الف) فروخت شدہ چیز کی قابل وصول رقم (Book Debts) ............ ________

(ب) سامانِ تجارت کے عوض حاصل شدہ چیز ............ ________

**مجموعہ قابل زکوٰۃ مال:** ________

**مالی ذمہ داریاں:**

1 قرض (ادھار لی ہوئی رقم)، ادھار خریدی ہوئی چیز کی قیمت، بیوی کا مہر جس کے ادا کرنے کی نیت ہے، کمیٹی حاصل کرنے کے بعد بقیہ اقساط کی رقم) ............ ________

2 ملازمین کی تنخواہ جس کی ادائیگی اس تاریخ تک لازم ہو چکی ہے ............ ________

3 ٹیکس، کرایہ، یوٹیلٹی بلز جن کی ادائیگی اس تاریخ تک لازم ہو چکی ہے ............ ________

4 گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ کی وہ رقم جو ادا نہیں کی گئی ............ ________

**مجموعہ مالی ذمہ داریاں:** ________

کل مملوکہ قابل زکوٰۃ مال کی رقم ............ میں سے مجموعہ مالی ذمہ داریوں کی رقم ............ کو منہا کر کے جو باقی بچے وہ قابل زکوٰۃ مال کی صافی رقم ............ ہے۔ اب اس قابل زکوٰۃ مال کی رقم کو چالیس پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت جتنی جتنی رقم ............ ہو وہ اصل واجب زکوٰۃ رقم ہے۔

© rasailojaraid.com


© rasailojaraid.com

عربی رسالے ''اخوان الصفاء'' کے مصنفین ابوسلمان، ابوالحسن اور ابواحمد وغیرہ کل دس آدمی تھے۔ یہ بصرہ میں رہا کرتے تھے۔ ان کا مشغلہ علم ودین کی تحقیق تھا۔ لہٰذا انہوں نے مختلف علوم پر اکیاون (51) رسالے تصنیف کیے۔ انہی رسائل میں ایک رسالہ ''اخوان الصفاء'' ہے۔ اس کا موضوع انسان اور حیوان کا مناظرہ ہے۔ اس مناظرے میں انسان غالب آتا ہے۔ لیکن حیوانوں کے ذریعے حقیقت ومعرفت کے بارے میں بہت باریک نکات بیان کیے گئے ہیں۔

''اخوان الصفاء'' کا پہلا اردو ترجمہ مولوی اکرام علی نے کیا۔ جسے 1810ء میں شائع کیا گیا
دوسری بار انجمن ترقی اردو نے اسے تقسیم ہند سے پہلے 1936ء میں شائع کیا۔

## اخوان الصفاء

یہ کتاب ایک زمانے سے اہل علم کی نظروں سے اوجھل تھی، جسے اب مرتب کر کے شائع کیا گیا۔ جس میں کتاب اور مترجم کے بارے میں مضامین شامل کیے گئے اور متروک املاء کی جگہ مروجہ املاء میں اسے کمپوز کیا گیا۔ ''اخوان الصفاء'' کے موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ کتاب نہایت اہم ہے۔




# اخوان الصفاء

مترجم: مولوی اکرام علی　　مرتب: جاوید اختر بھٹی

ناشر: کتاب دوست 517/1 ریلوے روڈ ملتان

### ملنے کے پتے

- بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی' ملتان ● المیزان۔ اردو بازار لاہور
- دار الکتاب۔ اردو بازار لاہور ● بیکن بکس۔ اردو بازار لاہور/گل گشت ملتان

ضخامت: 136 صفحات　قیمت: مجلد: 100 روپے　غیر مجلد: 80 روپے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# احرار امدادی مراکز کا قیام

حالیہ ہولناک زلزلے کی زد میں آنے والے مصیبت زدہ انسانوں کی دل کھول کر مدد کریں!

مجلس احرار اسلام نے مختلف مقامات پر امدادی مراکز قائم کیے ہیں۔ احرار کارکنوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنی تاریخی روایات کو زندہ کرتے ہوئے پریشان حال انسانوں کی خدمت کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ نقد رقوم، خشک راشن، کمبل، گرم بستر اور دیگر سامان درج ذیل مقامات پر پہنچانے کا فوری انتظام کریں۔

احرار خدامِ خلق نے درج ذیل مراکز سے امداد کی پہلی کھیپ روانہ کر دی ہے۔

- مرکزی دفتر احرار 69/c حسین سٹریٹ وحدت روڈ نیو مسلم ٹاؤن لاہور 042-5865465
- دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961
- شفیع الرحمٰن احرار کراچی 0333-3626490
- دار العلوم ختم نبوت جامع مسجد بلاک نمبر 12 چیچہ وطنی 040-5482253
- مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی 0300-6901649
- جامع مسجد احرار چناب نگر 047-6211523
- مولانا فقیر اللہ رحمانی، عبدالرحیم نیاز رحیم یار خان 0301-7660168
- مولانا محمد اسماعیل جامع مسجد معاویہ ٹوبہ ٹیک سنگھ 046-2516634
- اشرف علی احرار فیصل آباد 0300-7623619
- غلام حسین احرار مقابل بلوچ ہوٹل ملتان روڈ ڈیرہ اسماعیل خان

الداعیان: سید عطاء المہیمن بخاری (امیر) پروفیسر خالد شبیر احمد (ناظم اعلیٰ) مجلس احرار اسلام پاکستان

© rasailojaraid.com